Learn About Lead in Remedies

Protect Your Family from Lead Poisoning

Many remedies have lead in them that can hurt your child. You cannot tell by looking at or tasting a remedy if it has lead in it.

What are Remedies?

- Remedies are known as traditional, alternative, natural, or herbal medicine that are used across the world for many reasons.
- Remedies can have herbs, minerals, metals, or animal products in them.
- Lead and other metals are sometimes put into remedies on purpose or can get into remedies during grinding, coloring, from the packaging, or if the ingredients are grown in soil with lead in it.

Can Lead in Remedies Hurt My Child?

Lead in remedies or from other sources can hurt your child or unborn baby's growth and development. It can also make it hard for your child to learn and pay attention

How Do I Know if My Child has Lead Poisoning?

Most children with lead poisoning do not look or act sick. The only way to know if your child has lead poisoning is to get a blood test for lead. If you think your child has been given one of these remedies, ask your child's doctor to test your child for lead, or reach out to your local Childhood Lead Poisoning Prevention Program (CLPPP) for more information.

Common Remedies that Contain Lead



- **Greta and Azarcon** (also known as Alarcon, Coral, Luiga, Maria Luisa, or Rueda) are fine powders used in Latino cultures for upset stomach and other illnesses. The powders are often yellow, orange, and/or red and have been found to contain up to 90% lead.
- **Kohl and Surma** are black powders used in South Asian and Middle Eastern cultures mainly as a cosmetic, but also on the navel of a newborn child as a medicine to treat skin infections.
- **Pay-loo-ah** is a red powder used in Southeast Asian countries to treat children with rash or high fever.

More Remedies that Contain Lead

	Remedy:	Used for:
Latin America	Albayalde, Albayaidle	"Empacho" (vomiting, colic, apathy, lethargy)
	Azarcon, Alarcon, Coral, Greta, Luiga, Maria Luisa, Rueda	Stomach ache
	Litarigiro	Antiperspirant and deodorant
Middle East	Anzroot	Vomiting, diarrhea
	Bint al Zahab, Bint, Bend Dahab	Diarrhea, colic, constipation, general newborn use
	Bokhoor	Calming fumes
	Cebagin Santrinj, Farouk	Teething powder
	Esfand	General health, protect against evil eye
	Jawani Badeyan	Stomach ache, nausea, digestion
	Kajal, Kwalli, Kohl, Al-Kahl, Saoott, Surma, Tiro, Tozali	Cosmetic; astringent for eye injury, umbilical stump, teething powder; protect against evil eye
	Lozeena	Food coloring
Asia	Ba Bow Sen	Hyperactivity, nightmares in children
	Daw tway	Digestion
	Hai Ge Fen	Digestive & stomach problems
	Pay-loo-ah	Rash, high fever
	Po Ying Tan	Minor illness in children

continued on next page

	Remedy:	Used for:
India	Bala goli/fita	Stomach ache, dissolved in "gripe water"
	Balguti Kesariya	Rickets, cough/cold, worms, teething, digestion
	Deshi Dewa	Fertility
	Gashard, Kandu, Bali Gali	Digestion, stomach ache
	Ghutti	Indigestion, vomiting, teething, flatulence
	Kushta	Disease of the heart, brain, liver, stomach
	Pushpadhanwa	Fertility

For more information, visit go.cdph.ca.gov/LeadFreeKids or contact:

CDPH California Department of Public Health

Adapted with permission from Orange County CLPPP
10/2024 © 2024, California Department of Public Health

دوائیوں میں موجود سیسہ کے بارے میں جانیں

اپنے خاندان کو لیڈ پوائزننگ سے محفوظ رکھیں

بہت سی دواؤں میں سیسہ ہوتا ہے جو آپ کے بچے کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ آپ کسی دوا کو دیکھ کر یا چکھ کر یہ نہیں بتا سکتے کہ اس میں سیسہ موجود ہے یا نہیں۔

دوائیوں سے کیا مراد ہے؟

- دوائیوں سے مراد وہ روایتی، متبادل، قدرتی یا جڑی بوٹیوں پر مبنی ادویات ہیں جو دنیا بھر میں مختلف مقاصد کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔
- ادویات میں جڑی بوٹیاں، معدنیات، دھاتیں یا حیوانی اجزاء شامل ہو سکتے ہیں۔
- سیسہ اور دیگر دھاتیں بعض اوقات جان بوجھ کر ان ادویات میں شامل کی جاتی ہیں یا تیاری کے مراحل جیسے پیسنے، رنگ شامل کرنے، پیکنگ کے عمل کے دوران، یا اس صورت میں جب اجزاء ایسی مٹی میں اُگائے گئے ہوں جس میں سیسہ موجود ہو، اس سے بھی سیسہ دوائیوں میں جا سکتا ہے۔

کیا دوائیوں میں موجود سیسے سے میرے بچے کو نقصان پہنچ سکتا ہے؟

دوائیوں میں موجود سیسہ یا دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والا سیسہ آپ کے بچے یا ہونے والے بچے کی نشوونما اور بڑھوتری کو متاثر کر سکتا ہے۔ یہ آپ کے بچے کی سیکھنے کی صلاحیت اور توجہ مرکوز کرنے کی اہلیت کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔

میں کیسے معلوم کروں کہ میرے بچے کو لیڈ پوائزننگ ہے؟

زیادہ تر بچے جنہیں لیڈ پوائزننگ ہوتی ہے، وہ نہ بیمار نظر آتے ہیں اور نہ ہی بیماروں کی طرح برتاؤ کرتے ہیں۔ آپ کے بچے کو لیڈ پوائزننگ ہے یا نہیں یہ جاننے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ بچے کے خون کا ٹیسٹ کروایا جائے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے بچے کو ان میں سے کوئی دوا دی گئی ہے، تو اپنے بچے کے ڈاکٹر سے کہیں کہ وہ سیسے کے لیے آپ کے بچے کا ٹیسٹ کرے، یا مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی چائلڈ ہڈ لیڈ پوائزننگ پریوینشن پروگرام (CLPPP) سے رابطہ کریں۔

عام دوائیاں جن میں سیسہ شامل ہوتا ہے



- **Azarcon** اور **Greta** (جنہیں Alarcon، Coral، Luisa، Maria Luisa یا Rueda کے نام سے بھی جانا جاتا ہے) باریک سفوف ہیں جو لاطینی ثقافتوں میں معدے کی خرابی اور دیگر بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ پاؤڈر اکثر پیلے، نارنجی، اور/یا سرخ ہوتے ہیں اور ان میں سیسے کی مقدار 90% تک پائی گئی ہے
- **Kohl** اور **Surma** سیاہ پاؤڈر ہوتے ہیں جو جنوبی ایشیائی اور مشرق وسطیٰ کی ثقافتوں میں عموماً بطور سنگھار استعمال کیے جاتے ہیں، لیکن انہیں نومولود بچے کی ناف پر جلدی انفیکشن کے علاج کی غرض سے دوا کے طور پر بھی لگایا جاتا ہے۔
- **Pay-loo-ah** سرخ رنگ کا پاؤڈر ہے جس کا استعمال جنوب مشرقی ایشیائی ممالک میں بچوں کے دانے یا تیز بخار کے علاج کی غرض سے کیا جاتا ہے۔

مزید دوائیاں جن میں سیسہ شامل ہوتا ہے

	دوا:	درج ذیل کے لیے استعمال کی جاتی ہے:
لاطینی امریکہ	Albayalde, Albayaidle	"ایمپچو" (قے آنا، پیٹ میں مروڑ، بے رغبتی، سستی)
	Azarcon, Alarcon, Coral, Greta, Luisa, Maria Luisa, Rueda	پیٹ میں درد
	Litarigiro	پسینہ روکنے اور بدبو دور کرنے کے لیے
مشرق وسطیٰ	Anzroot	قے، اسہال
	Bint al Zahab, Bint, Bend Dahab	دست، پیٹ میں مروڑ، قبض، نوزائیدہ بچوں کے عمومی استعمال کے لیے
	Bokhoor	پرسکون کرنے والے بخارات
	Cebagin Santrinj, Farouk	بچوں کے دانت نکلنے کے وقت استعمال ہونے والا پاؤڈر
	Esfand	عام صحت، نظر بد سے حفاظت کے لیے
	Jawani Badeyan	پیٹ میں درد، متلی، ہاضمہ
	Kajal, Kwalli, Kohl, Al-Kahl, Saoott, Surma, Tiro, Tozali	کاسمیٹک؛ آنکھ کی چوٹ کے لیے اسٹرنجنٹ، ناف کا بچا ہوا حصہ، بچوں کے دانت نکلنے کے وقت استعمال ہونے والا پاؤڈر؛ نظر بد سے حفاظت
	Lozeena	فوڈ کلرنگ
ایشیا	Ba Bow Sen	بچوں میں ضرورت سے زیادہ سرگرمی، ڈراؤنے خواب
	Daw tway	ہاضمہ
	Hai Ge Fen	نظامِ ہاضمہ اور معدے کے مسائل
	Pay-loo-ah	خارش، تیز بخار
	Po Ying Tan	بچوں میں معمولی بیماری

اگلے صفحے پر جاری ہے

بھارت	دوا:	درج ذیل کے لیے استعمال کی جاتی ہے:
	Bala goli/fita	پیٹ کے درد کے لیے، "گرائپ واٹر" میں گھول کر دی جاتی ہے
	Balguti Kesariya	رکتس، کھانسی/زکام، پیٹ کے کیڑے، دانت نکلنا، ہاضمہ
	Deshi Dewa	زرخیزی
	Gashard, Kandu, Bali Gali	ہاضمہ، پیٹ کا درد
	Ghutti	بدہضمی، قے آنا، دانت نکلنا، پیٹ میں گیس
	Kushta	دل، دماغ، جگر، معدہ کی بیماری
	Pushpadhanwa	زرخیزی

مزید معلومات کے لیے،
go.cdph.ca.gov/LeadFreeKids
وزٹ کریں یا درج ذیل پر رابطہ کریں:

CDPH
California Department of Public Health

(Urdu)

اورنج کاؤنٹی CLPPP 10/2024 کی اجازت سے ماخوذ
© 2024، کیلیفورنیا محکمہ صحت عامہ